# مہاجرین کی نقل مکانی میں معاونت کا پروگرام (MRAP) شرکاء کے حقوق اور ذمہ داریاں

## تعارف

MRAP نیو یارک سٹی سے ریاست نیو یارک کی ان دیگر کاؤنٹیز کی طرف رضا کارانہ نقل مکانی میں معاونت فراہم کرتا ہےجو نقل مکانی کی خدمات کی فراہمی پر متفق ہیں۔ MRAP میں شرکت رضا کارانہ ہے۔ آپ کو صرف اس وقت ہی MRAP کا شرکت کنندہ سمجھا جاتا ہے جب آپ تصدیق کریں کہ آپ نقل مکانی میں دلچسپی رکھتے ہیں، شعبہ خدمات برائے بے گھر افراد (Department of Homeless Services, DHS) یا دفتر برائے عارضی اور معذوری کی معاونت (Office of Temporary and Disability Assistance, OTDA) کے خدمت فراہم کنندہ نے آپ کو اہل قرار دیا ہو، پروگرام میں شرکت کرنے پر متفق ہوں اور رضامندی کے فارم پر دستخط کریں ۔

آپ کے اپنی منتخب کردہ حصہ لینے والی کاؤنٹی میں پہنچنے پر، MRAP کے خدمت فراہم کنندہ، جو کمیونٹی میں موجود ایک تنظیم ہوں گے، MRAP میں آپ کا اندراج کریں گے۔ MRAP کی معاونت اور خدمات آپ کو اور آپ کے خاندان کو ایک سال تک کے عرصے کے لیے دستیاب ہیں۔ MRAP کے خدمت فراہم کنندہ مادی ضروریات اور معاون خدمات کے حوالے سے معاونت فراہم کریں گے تاکہ آپ اور آپ کے خاندان کو خود انحصاری حاصل کرنے اور اپنی نئی کمیونٹی میں ضم ہونے کے بہترین ممکنہ مواقع مل سکیں۔ آپ کو اور آپ کے خاندان کو بھی خدمت فراہم کنندہ کے ساتھ تعاون کر کے ایک فعال کردار ادا کرنا ہو گا۔ اگر آپ یا آپ کے خاندان کے بالغ افراد میں سے کسی کو کام کرنے کی اجازت ہے اور کام کر نے کے قابل ہیں تو ایک مناسب نوکری ڈھونڈنے میں آپ کی مدد کی جائے گی اور آپ کو اپنے خاندان کے اخراجات میں حصہ ادا کرنا ہوگا۔

MRAP کے خدمت فراہم کنندہ یونائیٹڈ اسٹیٹس ڈپارٹمنٹ آف ہوم لینڈ سیکیورٹی ( United States Department of Homeland Security, USDHS) یا ایگزیکٹو آفس آف امیگریشن ریویو (Executive Office for Immigration Review, EOIR) کی درخواستوں اور نوٹسز، اور USDHS یا EOIR کی اپوائنٹمنٹس کے لیے آمد و رفت میں آپ کو مدد فراہم کریں گے۔ ضرورت پڑنے پر خدمت فراہم کنندہ آپ کی نئی کمیونٹی میں وکیل یا قانونی خدمات فراہم کنندہ سے آپ کو رجوع کروائیں گے۔

MRAP کے شرکاء کےحقوق اور ذمہ داریوں کا خاکہ اگلے صفحات پر دیا گیا ہے۔ ذمہ داریوں کی تعمیل میں ناکامی کے نتیجے میں آپ کی اس پروگرام میں شراکت منقطع ہو سکتی ہے۔

## MRAP کے شرکاء کے حقوق

1. جس کاؤنٹی میں آپ منتقل ہو رہے ہیں وہاں کے MRAP کے خدمت فراہم کنندہ کے لیے لازم ہے کہ آپ کے وہاں پہنچنے پر آپ سے ملیں اور ضروری ساز و سامان سے آراستہ کرائے کے گھر تک آپ کو ٹرانسپورٹیشن مہیا کریں، اور آپ کی فوری ضروریات جیسے ثقافتی طور پر مناسب، تیار کھانے؛ موسمی لباس؛ طبی نگہداشت؛ اورمالی معاونت کے لیے متعلقہ خدمات یا دیگر معاونت کے لیے حوالہ جات فراہم کریں۔
2. نقل مکانی کے بعد، آپ میزبان کاؤنٹی میں ایک سال کی مدت تک درج ذیل معاونت حاصل کرسکتے ہیں، ماسوائے کہ آپ کے خدمت کے دورانیے میں توسیع کر دی جائے:

- مالی معاونت
- مادی ضروریات کے لیے معاونت جیسے:
  - کھانا اور کھانے کے الاؤنس
  - ضروری لباس
  - دیگر ضروریات
- معاون خدمات جیسے:
  - سوشل سیکورٹی کارڈزکے لیے درخواست دینے کے لیے معاونت
  - صحت کے معائنے کروانا
  - دیگر ضروری ذہنی اور ذہنی صحت کی خدمات تک رسائی
  - متعلقہ مراعات کا حصول
  - دیگر سماجی خدمات
  - انگریزی زبان میں ہدایات
  - اپنے بچوں کی اسکول میں رجسٹریشن کروانا
  - ملازمت کی خدمات میں اندراج*
  - ملازمت کے انٹرویوز دینے جانے کے لیے ذرائع آمد و رفت*
  - ملازمت کی تربیت*

*ملازمت کی خدمات میں اندراج، ملازمت کے انٹرویوز دینے جانے کے لیے ذرائع آمد و رفت، اور ملازمت کی تربیت کا انحصار اس پر ہو سکتا ہے کہ آیا آپ کو یونائیٹڈ اسٹیٹس میں کام کرنے کی اجازت ہے یا نہیں۔*

3. MRAP میں شرکت کے دوران محفوظ، صاف ستھری اور حسب استطاعت رہائش گاہ آپ کا حق ہے۔
4. آپ کو حق حاصل ہے کہ MRAP کی معلومات تک اپنی منتخب کردہ زبان میں ایک مترجم کی خدمات کے ذریعے رسائی حاصل کریں جس کا انتظام MRAP کے خدمت فراہم کنندہ کریں گے۔
5. آپ کو حق حاصل ہے کہ ضرروری ہو تو امیگریشن اور/دیگر قانونی معاملات میں معاونت کے لیے منظور شدہ قانونی خدمات کے فراہم کنندہ سے آپ کو رجوع کروایا جائے۔
6. آپ کو وصول ہونے والی MRAP کی معاونت کی رقم اور قسم کا تعین MRAP کے خدمت فراہم کنندہ کرتے ہیں اور یہ آپ کے انفرادی خاندانی حالات اور آپ کی فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پر ہوتی ہے۔
7. آپ کو حق حاصل ہے کہ MRAP خدمت فراہم کنندہ سے اپنے اور اپنے خاندان کے بارے میں وہ اہم دستاویزات اور معلومات حاصل کرنے میں معاونت حاصل کریں جو کہ خود کفیل بننے اور معاشی تحفظ حاصل کرنے میں آپ کے کام آئیں گی۔
8. آپ کو حق حاصل ہے کہ آپ کو نسل، رنگ، قومی اصل، معذوری، عمر، جنس، مذہب، سیاسی عقائد، جنسی شناخت، ٹرانسجنڈر کی حیثیت، صنف کے حوالے سے متذبذب ہونے، جنسی رجحان، ازدواجی حیثیت، فوجی ہونے کی حیثیت اور شہری حقوق کی کسی ماضی کی سرگرمی کے حوالے سے انتقام یا انتقامی کاروائی کی بنیاد پر برتے جانے والے امتیازی سلوک کے بغیر خدمات وصول ہوں۔
9. آپ کو حق حاصل ہے کہ اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کے ساتھ MRAP میں امتیازی سلوک کیا گیا ہے، یا کسی قسم کے امتیازی سلوک کی وجہ سے آپ کے کیس سے نامناسب طریقے سے نمٹا گیا ہے تو، OTDA کے مہاجرین کی خدمات کے بیورو سے 518-402-3096 یا MRAP@otda.ny.gov پر رابطہ کر کے معاونت حاصل کریں۔
10. آپ کو کسی بھی وقت MRAP میں اپنی شرکت ختم کرنے کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ پروگرام میں اپنی شرکت ختم کرتے ہیں تو MRAP کی تمام خدمات اور مالی معاونت بھی اسی وقت ختم ہو جائیں گی۔

## MRAP کے شرکاء کی ذمہ داریاں

1. آپ جانتے ہیں کہ، نقل مکانی سے پہلے، اگر آپ فیصلہ کریں کہ اب آپ MRAP میں حصہ لینے کے خواہش مند نہیں ہیں تو آپ کو فوری طور پر OTDA یا DHS کے خدمت فراہم کنندہ کو مطلع کرنا ہو گا۔
2. **یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ یا تو خود یا، اگر قابل اطلاق ہو تو، OTDA یا DHS کے خدمات فراہم کنندہ کی جانب سے رجوع کروائے جانے کے ذریعے، ان اثرات کے متعلق قانونی مشاورت کریں جو نقل مکانی کرنے کے باعث آپ کے امیگریشن کے کیس اور/یا دیگر قانونی معاملات پر ہو سکتے ہیں، اور ضرورت پڑنے پر اپنی امیگریشن کی حیثیت کو مستحکم کرنے کا عمل شروع کریں یا اس کو جاری رکھیں۔ نقل مکانی کے آپ کے امیگریشن کیس یا دیگر قانونی معاملات پر جو اثرات ہو سکتے ہیں ان کو سمجھنا آپ کی ذمہ داری ہے۔ کچھ چیزیں جو کے آپ کے امیگریشن کیس پر اثرانداز ہو سکتی ہیں ان میں شامل ہیں،لیکن ان تک محدود نہیں، پتے کی تبدیلی کا فارم جمع کرانے میں ناکامی، یا پھر اس عدالت کی تبدیلی کی درخواست دینا جو آپ کا امیگریشن کا کیس سنے گی۔ آپ جانتے ہیں کہ نقل مکانی سے پہلے قانونی مشاورت حاصل کرنے کی پرزور صلح دی جاتی ہے تاکہ آپ اپنے امیگریشن کیس پر امیگریشن کے ہونے والے اثرات کو سمجھ سکیں۔** اگر آپ کوئی قانونی مشاورت نہ کرنے کے/کی خواہش مند ہیں تو، OTDA یا DHS کے خدمت فراہم کنندہ کو مطلع کرنا آپ کی ذمہ داری ہے۔
3. نقل مکانی کے بعد، آپ کی ذمہ داِری ہے کے اپنے پتے کی تبدیلی سے وفاقی حکام کو مطلع کریں جن میں ڈپارٹمنٹ آف ہوم لینڈ سیکیورٹی، امیگریشنز اور کسٹمز کا نفاذ کرنے والے ادارے، USCIS اور ایگزیکٹو آفس آف امیگریشن ریویو (EOIR) شامل ہیں، مگر یہ ان تک محدود نہیں۔
4. نقل مکانی کے بعد، آپ کی ذمہ داری ہے کہ ضروری ہو تو اپنی امیگریشن کی حیثیت کو مستحکم کرنے یا جاری رکھنے کے عمل کو شروع کرنے

لیے کسی قانونی خدمات فراہم کنندہ کے ساتھ مل کر کام کریں۔

5. اپنی امیگریشن کی حیثیت کو برقرار اور مستحکم رکھنے کے لیے USCIS اور EOIR کی شرائط، اصولوں اور ضوابط کی تعمیل اور اگر ضروری ہو تو، تمام درکار فارم جمع کروانا اور تمام اپاائنٹمنٹس اور پیشیوں میں شرکت کرنا آپ کی ذمہ داری ہے۔

6. آپ جانتے ہیں کہ MRAP کی خدمات اور مالی معاونت 12 ماہ بعد ختم ہو جائے گی، ماسوائے کہ کوئی رعایت برتی جائے، اور 12 ماہ ختم ہونے پر آپ کے گھرانے سے درکار ہو گا کہ ان کے پاس MRAP کی معاونت کے بغیر اپنی کفالت کرنے کا منصوبہ ہو۔

7. MRAP میں اندراج اور ان کی خدمات اور معاونت وصول کرنے کے لیے چند چیزوں کا ثبوت پیش کرنا آپ کی ذمہ داری ہے۔ آپ کی فراہم کردہ معلومات اور دستاویزات کو سچ پر مبنی اور درست ہونا چاہیے۔ MRAP کے خدمت فراہم کنندہ اور/یا عوامی مراعات جاری کرنے والی دیگر ایجنسیاں آپ سے ان کا ثبوت مانگ سکتی ہیں:

- شناخت
- عمر
- پتہ
- رہائش کے انتظامات
- پناہ گاہ/کرائے پر رہنے کا خرچہ
- سوشل سیکیورٹی نمبر
- شہریت یا امیگریشن کی حیثیت
- کما کر حاصل ہونے والی آمدنی
- بغیر کمائے حاصل ہونے والی آمدنی
- مالی یا دیگر وسائل
- اسکول جانے والوں کی اسکول کی حاضری
- بیمہ صحت
- غیر ادا شدہ کرایہ یا یوٹیلٹیز
- ادا شدہ یا غیر ادا شدہ طبی بلز
- آیا آپ منشیات/ شراب کے عادی ہیں
- معذوری، نااہلی یا حمل
- دیگر اخراجات/بچے یا دیگر زیر کفالت فرد کی نگہداشت

8. یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ ضروریات، آمدنی، ملازمت، بیمہ صحت، خاندان کی ساخت، رہائش کے انتظام، پتے، امیگریشن کی حیثیت، صحت کی کیفیات یا دیگر صورتحال میں تبدیلیوں سے MRAP کے خدمت فراہم کنندہ کو جلد از جلد مطلع کریں۔

9. MRAP کے خدمت فراہم کنندہ کے ساتھ تمام اپوائنٹمنٹس میں شرکت اور/یا ان کو ری شیڈول کرنا اور MRAP کے خدمت فراہم کنندہ کی جانب سے کیے گئے تمام سوالات اور رابطوں کا بروقت طریقے سے جواب دینا آپ کی ذمہ داری ہے۔

10. MRAP کے خدمت فراہم کنندہ کی ہدایات پر، یہ آپ کی ذمہ داری ہے کے ان سرگرمیوں میں شرکت کریں جو آپ کو ملازمت حاصل کرنے اور برقرار رکھنے میں مدد دیں گی۔

11. اگر آپ یا آپ کے گھرانے کے بالغ افراد میں سے کسی کو ابھی یونائیٹڈ اسٹیٹس میں کام کرنے کی اجازت نہیں ہے تو، آپ کو کام کی اجازت کے لیے درخواست دینے کے لیے درکار تمام اقدامات میں خدمت فراہم کنندہ اور/یا قانونی خدمات فراہم کنندہ کے ساتھ تعاون کرنا ہو گا۔

12. اگر آپ کو کام کرنے کی اجازت ہے اور آپ کام کرنے کے قابل ہیں تو، ایک قانونی ملازمت جو آپ کرنے کے قابل ہوں، حاصل کرنے کے لیے آپ کو MRAP کے خدمت فراہم کنندہ کے ساتھ کام کرنا ہو گا۔

13. اگر آپ کو کام کرنے کی اجازت ہے اور آپ کام کرنے کے قابل ہیں تو، جب آپ کو ایک قانونی اور مناسب ملازمت مل جائے تو، آپ اپنے خاندان کی رہائش کے اور گھریلو اخراجات میں حصہ ڈالنے کے ذمہ دار ہوں گے۔ آپ کے حصے کی رقم کی ہر 90 دن بعد دوبارہ تشخیص کی جائے گی جو کہ آپ کی آمدنی اور اخراجات کی بنیاد پر ہو گی۔

14. آپ اپنے اپارٹمنٹ کے لیے لیز پر دستخط کرنے کے ذمہ دار ہو سکتے ہیں اور اس لیز کی شرائط کے ذمہ دار ہوں گے، بشمول لیز کے دورانیے کے لیے مالی طور پر ذمہ دار ہوں گے۔

15. MRAP میں آپ کی شرکت کے دوران، آپ کے MRAP کے خدمت فراہم کنندہ کے ساتھ رابطہ کیے بغیر، فراہم کردہ رہائش گاہ سے کہیں اور منتقل ہونے کے نتیجے میں اس پروگرام میں آپ کی شرکت منقطع ہو سکتی ہے، بشمول اس مالی معاونت کا منقطع ہونا جو کہ لیز کے بقایا مہینوں کی ادائیگی میں مدد کے لیے تھی۔